ادارہ

تعارف وتبصرہ کتب

● **علمائے دیوبند پر زبیر علی زئی کے الزامات کے جوابات** مؤلف: حافظ ظہور احمد الحسینی

ضخامت:۱۴۴صفحات ناشر: خانقاہ امدادیہ مدرسہ عربیہ حنفیہ تعلیم الاسلام حضرو اٹک

زیر تبصرہ کتاب ''علماء دیوبند پر زبیر علی زئی کے الزامات کے جوابات'' میں مولانا ظہور الحسینی نے مولانا زبیر علی زئی کے ان تمام اعتراضات کے جوابات دیئے ہیں جسمیں انہوں نے علماء دیوبند کومورد الزام ٹھہرایا تھامولانا ظہور احمد صاحب مولانا زبیر علی زئی پر اس سے قبل بھی دو کتابیں لکھ چکے ہیں،جس میں تناقضات زبیر علی زئی اور ''آ ثارالسنن'' پر زبیر علی زئی کے الزامات کی حقیقت شامل ہے ۔ زیر نظر کتاب میں انہوں نے مولانا زبیر علی زئی کے علماء دیوبند پر لگائے گئے تمام الزامات کا بھر پور ٹھوس علمی جوابات دیئے ہیں اورحقائق کی غیر جانبدارانہ نقاب کشائی فرمائی ہے طباعت واشاعت کے تمام امور معیاری ہے صاحب ذوق حضرات اس کتاب سے بھر پور استفادہ کرسکتے ہیں اللہ تعالیٰ موصوف کی اس کاوش کوعام وخاص کیلئے نافع بنائے ۔آمین (مبصر:محمد اسلام حقانی)

● **مجلّہ کرّم** سر پرست اعلیٰ: پروفیسر محمد ارشد

ضخامت:۳۶۰صفحات ناشر: گورنمنٹ پوسٹ گریجویٹ کالج بنوں

زیر تبصرہ مجلّہ خیبر پختونخوا کے ضلع بنوں کے گورنمنٹ پوسٹ گریجویٹ کالج بنوں کا ترجمان ہے، مجلّہ تین حصوں پر مشتمل ہے،ایک حصہ پشتو،دوسرا اردو اور تیسرا انگریزی میں ہے ۔موضوعات میں بھی کافی تنوع ہے ،ادب ،سائنس، اسلامیات، پاکستانیات،اخلاقیات، سیاسیات، عمرانیات، تاریخ، تصوف، نصابیات، جدید ٹیکنالوجی اورنفسیات جیسے اہم عناوین کے تحت تحقیقی اور تخلیقی مضامین شامل ہیں،مجلّہ میں شامل نگارشات کے موضوعاتی رنگا رنگی ،فکری گہرائی ،اصلاحی جذبے،اسلوبیات کشش اور تحقیقی معیار کو دیکھتے ہوئے یہ مجلّہ پاکستان کے چند علمی مجلّات کی صف میں شامل ہونے کے لائق ہے ۔پروفیسر شوکت محمود، پروفیسر وہاب اعجاز، پروفیسر جاوید خان اور پروفیسر شیر بالی شاہ اور پروفیسر ڈاکٹر ضیاء الرحمٰن اس علمی مجلّہ کے نکالنے پر ہم سب کی طرف سے شکریہ اور تحسین کے مستحق ہیں (مبصر:صاحبزادہ عبداللہ)